**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**

**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

31جولائی2025ء

# پریس ریلیز

## تنظیم اسلامی یکم تا22 اگست 2025ء کے دوران ملک بھر میں ''اِتحادِ اُمّت اور پاکستان کی سالمیت'' کے عنوان سے مہم کا انعقاد کررہی ہے۔ (رضاءالحق)

**لاہور(پ ر):** تنظیم اسلامی یکم تا22 اگست 2025ء کے دوران ملک بھر میں **''اِتحادِ اُمّت اور پاکستان کی سالمیت''** کے عنوان سے مہم کا انعقاد کررہی ہے جو تقریباً تین ہفتوں پر محیط ہوگی۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے ترجمان و مرکزی ناظم نشرواشاعت **رضاءالحق** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ**، 31 جولائی 2025ء کو بعد نمازِ مغرب قرآن اکیڈمی 36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور میں صحافیوں کے ساتھ ایک خصوصی نشست میں مہم کا افتتاح کریں گے۔ جمعۃالمبارک یکم اگست 2025ء کو مسجد جامع القرآن، قرآن اکیڈمی، 36۔کے، ماڈل ٹاؤن لاہور میں اسی حوالے سے امیر تنظیم اسلامی خصوصی خطابِ جمعہ فرمائیں گے۔ علاوہ ازیں تنظیم اسلامی کے اکابرین ملک بھر کی مساجد اور دوسرے اہم مقامات پر **''اِتحادِ اُمّت اور پاکستان کی سالمیت''** کے موضوع پر خطابات فرمائیں گے اور حکومت، مقتدر حلقوں، دیگر اربابِ اقتدار، علماء کرام، مذہبی سیاسی جماعتوں اور عوام الناس کو مہم کے عنوان کے حوالے سے اُن کی ذمہ داریوں کی یاد دہانی کروائیں گے۔ مہم کے دوران پاکستان بھر میں تنظیم اسلامی کے رفقاء اور احباب پُرامن احتجاجی مظاہرے کریں گے۔ علاوہ ازیں خصوصی پریس ریلیز ز، ''زمانہ گواہ ہے'' کے خصوصی پروگرامز اور متعدد دیگر دعوتی سرگرمیاں انجام دیں گے۔

ترجمان تنظیم اسلامی نے عوام الناس سے اِس مہم میں بھرپور شرکت کی استدعا کی۔

**جاری کردہ**

**وسیم احمد باجوہ**

**نائب ناظم مرکزی شعبہ نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: July 31st, 2025**

**Tanzeem-e-Islami is launching a nationwide campaign titled “Ittihad-e-Ummat aur Pakistan ki Salmiyat” (Unity of the Ummah and Integrity of Pakistan) from 1st to 22nd August 2025.**

**(Raza-ul-Haq)**

**Lahore (PR):** This was stated by the spokesperson and Markazi Nazim Publications and Public Relations of Tanzeem-e-Islami, Raza-ul-Haq, in a statement. He said that the campaign, spanning nearly three weeks, will be formally launched by Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, during a special session with journalists after Maghrib prayer on 31st July 2025 at Quran Academy, 36-K, Model Town, Lahore. On Friday, 1st August 2025, Shujauddin Shaikh will deliver a special Friday sermon at Masjid Jamia-tul-Quran, Quran Academy, 36-K, Model Town, Lahore, in connection with the campaign. Moreover, senior members of Tanzeem-e-Islami will deliver speeches on the topic of “Ittihad-e-Ummat aur Pakistan ki Salmiyat” (Unity of the Ummah and Integrity of Pakistan) in mosques and other key venues across the country. They will also remind the government, establishment, other stakeholders in power, religious scholars, religious political parties, and the general public of their responsibilities concerning the campaign’s message. Throughout the campaign, Tanzeem-e-Islami’s members and supporters will organize peaceful protest demonstrations across Pakistan. Additionally, special press releases, exclusive editions of the program “Zamana Gawah Hai,” and various other Da’wah activities will be carried out. The spokesperson of Tanzeem-e-Islami appealed to the public for wholehearted participation in this campaign.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**